# سپلائرز کے لئے Mizuno کا پیشہ ورانہ ضابطہ اخلاق

ہم Mizuno کارپوریشن میں اپنے ملازمین کے ساتھ تعلقات میں منصفانہ برتاؤ کی حمایت کرتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ بنیادی انسانی حقوق کے ساتھ وابستگی رکھتے ہوئے کام کے سلسلے میں محفوظ ماحول پیدا کریں۔ ہم مزدوروں سے متعلق تمام بین الاقوامی اقرار ناموں بشمول مسلمہ انسانی حقوق کے معاہدے کی حمایت کرتے ہیں اور مزدوروں کے تمام قابل اطلاق قوانین کی پابندی کرتے ہیں ان ممالک میں جہاں ہم کاروبار کرتے ہیں بشمول مقامی قوانین جن کا تعلق کام کے اوقات، معاوضہ، آزادی اجتماع اور مجموعی بارگینگ یا لین دین، کام کی شرائط اور دیگر کام کی جگہ پر پیشہ ورانہ معمولات سے ہے۔ ہم کام کرنے کا ایک ایسا ماحول تیار کرنا چاہتے ہیں جہاں افراد کے ساتھ عزت، انصاف اور وقار سے پیش آیا جا سکے۔ ہم قدر و قیمت، عزت اور توقیر کو بھی تسلیم کرتے ہیں اور اپنے ملازمین کے ثقافتی اختلافات اور ان کے پس منظر اور خیالات و تصورات میں تنوع کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

اس حکمت عملی کے تحت ذیل میں بیان کردہ طور پر، ہم نے سپلائرز کے لئے Mizuno کا پیشہ ورانہ ضابطہ اخلاق تیار کیا ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ تمام سپلائرز جو Mizuno کی پروڈکٹس کی تیاری میں مصروف ہیں وہ Mizuno کوڈ آف کنڈکٹ کی پابندی کریں گے۔
ہم سپلائرز سے یہ بھی توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس ضابطہ اخلاق کے مندرجات اپنے کارکنوں کو فراہم کریں گے۔ اس مقصد کے لئے اس ضابطہ اخلاق کا مقامی زبان میں ترجمہ ہونا چاہیے اور اس کی واضع طور پر تشہیر ہونی چاہیے۔
ہم اپنے سپلائرز سے بھی اس بات کی توقع کرتے ہیں کہ وہ مناسب عملی طریقہ کار متعارف کرائیں جو اس ضابطہ اخلاق کے نفاذ کی مانیٹرنگ کر سکے۔

## 1۔ کارپوریٹ گورننس

### 1) قابل اطلاق قوانین اور معیارات پر عمل درآمد

**قابل اطلاق قوانین اور معیارات پر عمل درآمد**

سپلائرز تمام قابل اطلاق قوانین، اصول و ضوابط اور تقاضوں کی پابندی کریں گے اور ایک ایسا سسٹم وضع کریں گے جس سے قابل اطلاق قوانین اور اصولوں کی تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔.

**ILO مزدوروں کے بین الاقوامی معیارات:**

ہم اپنے سپلائرز سے توقع کرتے ہیں کہ وہ مندرجہ ذیل بین الاقوامی معاہدوں کے اصولوں کا احترام کریں گے:
ILO کنونشن 29 (جبری یا لازمی مشقت)
ILO کنونشن 81 (صنعت اور تجارت میں لیبر کا معائنہ)
ILO کنونشن 87 (آزادی اجتماع اور تحفظ حق تنظیم)
ILO کنونشن 98 (حق تنظیم اور اجتماعی طور پر بارگن یا لین دین کے اصولوں کا اطلاق)
ILO کنونشن 122 (ملازمتی پالیسی)
ILO کنونشن 131 (کم از کم اجرت کا تعین بالخصوص ترقی پذیر ممالک کے حوالے سے)
ILO کنونشن 138 (ملازمت میں رکھنے کے لیے کم از کم عمر کا تعین)
ILO کنونشن 159 (پیشہ ورانہ بحالی اور ملازمت)
ILO کنونشن 186 (بچوں کی مشقت کی بدترین کیفیت کی ممانعت اور روک تھام کے لیے فوری اقدام)

## 2۔ انسانی حقوق

### 1) کام کے دوران بنیادی حقوق کا احترام

**بچوں کی مشقت کی ممانعت**

سپلائرز پیداواری ملک میں 15 سال سے کم عمر یا لازمی تعلیم مکمل کرنے کی عمر سے چھوٹے بچوں کو ملازم نہیں رکھیں گے۔

**جبری مشقت کی ممانعت**

سپلائرز جبری مشقت خواہ وہ قید، معاہدے، رہن شدہ مشقت ہو یا دوسری صورت میں خواہ دھمکی جبر، جسمانی تشدد، زبانی بد کلامی کی صورت میں استعمال نہیں کریں گے۔

**آزادی اجتماعی اور اجتماعی بارگینگ:**

سپلائرز ملازمین کے حق تنظیم اور اپنی مرضی سے تنظیموں میں شامل ہونے کو تسلیم کریں گے اور ان کا احترام کریں گے۔ سپلائرز آزادانہ طور پر تنظیم میں شمولیت اور اجتماعی بارگین کے سلسلے میں متبادل اور قانونی ذرائع میں رکاوٹ نہیں ڈالیں گے جہاں قوانین بالخصوص حق آزادی تنظیم اور اجتماعی بارگین پر پابندی عائد کرتے ہیں۔ مزید برآں سپلائرز ان طریقوں پر عمل درآمد کریں گے جن سے ملازمین کے ساتھ موثر رابطے کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔

**امتیازی سلوک کی ممانعت:**

سپلائرز اپنے ملازمین اور معاون ٹھیکیداروں کو ان کے کام کرنے کی صلاحیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ملازمت پر رکھیں گے اور وہ نسل، رنگ، ذات، جنس، مذہب، عمر، معذوری، ازدواجی حیثیت، ولدیتی حیثیت، الحاق، ممبر شپ، جنسی رجحان یا سیاسی رائے کی بنیاد پر امتیازی سلوک میں ملوث نہیں ہو گے اور نہ ہی غیر قانونی حمایت کریں گے۔

## 3۔ لیبر کے اقدامات:

### 1) ملازمت اور ملازمت کے تعلقات

**مستحکم ملازمت کا نتیجہ**

سپلائزرز مستحکم ملازمت کے حصول کو یقینی بنائیں گے۔ سپلائزرز یک طرفہ طور پر ملازمت کے معاہدے کو ختم نہیں کریں گے خواہ وہ کاروباری وجوہات کی بنا پر ہو اور نہ ہی وہ ملازمین کو بے قاعدگی سے رکھیں گے (قلیل مدت، مخصوص مدت کی ملازمت وغیرہ)

**غیر ضروری سزا اور ڈسپلن کی ممانعت**

سپلائزرز نسل، رنگ، ذات، جنس، مذہب، عمر، معذوری، ازدواجی حیثیت، ولدیتی حیثیت، ایسوسی ایشن، ممبر شپ، جنسی رجحانات یا سیاسی رائے رکھنے کی بنا پر کوئی غیر ضروری سزا یا ڈسپلن قائم نہیں کریں گے۔ سپلائرز انضباطی اصولوں کی بنیاد یا مکمل تفتیش اور حقائق کو پرکھنے بغیر کوئی انضباطی اقدام نہیں اٹھائیں گے۔

### 2) کام کی شرائط اور اور سماجی تحفظ

**عمدہ اجرت اور فوائد کی فراہم آوری**

سپلائرز کو ملازمین کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کافی اجرت ادا کرنی چاہیے مناسب بچت، صوابدیدی اخراجات، یا پھر اخراجات قانون کے مطابق درکار طور پر یا موجودہ انڈسٹری کی اجرت کے برابر ہو یا کم از کم اجرت سے زائد ہو۔ وہ مراعات جو قانوناً کم از کم معیارات کے برابر یا زائد ہوں فراہم کیے جائیں گی۔ مزید برآں سپلائرز اپنے ملازمین کی براہ راست نقد یا چیک کے ذریعے یا اس کے برابر اجرت ادا کریں گے اور ایسا سسٹم وضع کریں گے جو اجرت کے بارے میں اطلاع فراہم کریں جیسے اجرت سے کٹوتیوں کے متعلق۔

**مناسب کام کے اوقات کا بندوبست**

سپلائرز لیبر کے اوقات کار کے لئے مقامی قانونی ضروریات کو پورا کریں گے اور قانونی طور پر مقررہ کردہ نرخ کے مطابق ملازمین کو اوور ٹائم کا معاوضہ ادا کریں گے۔

### 3) کام کے دوران صحت اور حفاظت

**محفوظ اور صحت مند کام کے ماحول کو یقینی بنانا**

سپلائرز نہ صرف کام کی جگہ پر محفوظ اور صحت مندانہ ماحول فراہم کریں گے بلکہ ملازمین کے زیر استعمال تمام سہولیات جیسے ٹائلیٹ، کیفے ٹیریا اور رہائش کی سہولیات کے بارے میں موثر اقدامات کریں تاکہ کام سے متعلق کسی امکانی حادثے یا بیماریوں کا تدارک ہو سکے۔ سپلائرز حادثات اور ایمرجنسی حالات کی صورت میں بھی تیار رہیں گے۔

## 4۔ ماحولیاتی اقدامات

### 1) آلودگی کی روک تھام

**مضر مواد کے اخراج کا کنٹرول اور کچرے کی تخفیف**

سپلائرز اپنی تجارتی سرگرمیوں (پیداوار اور R&D) سے مضر مواد کے اخراج جو کہ ہوا، پانی، زمین کی آلودگی کا سبب بنتے ہیں اور جو کارخانوں کے نزدیک رہائش پذیر لوگوں کے ماحول کے لیے آلودگی بشمول شور، بدبو، ارضیاتی آلودگی اور تھرتھراہٹ کا باعث بنتے ہیں۔ سپلائرز ٹھوس اور مائع فضلے جو پروڈکشن کے دوران پیدا ہوتے ہیں انہیں کم کریں گے۔ سپلائرز ماحولیاتی اور متعلقہ قوانین اور ضوابط کی پیروی کرتے ہوئے تجارتی سرگرمیوں میں بھی مصروف رہیں گے۔

### 2) پائیدار وسائل کا استعمال

**پائیدار ذرائع کا تصرف**

سپلائرز پروڈکشن کی خاطر لکڑی، پانی اور دوسرے قدرتی ذرائع سے حاصل شدہ خام مواد کو حد سے زیادہ تصرف میں نہیں لائیں گے بلکہ قدرتی وسائل کو قدرتی لبریزی یا پر کرنے کے عمل کے برابر یا کم تر استعمال میں لائیں گے۔ سپلائرز انرجی کے ذرائع (بجلی، تیل وغیرہ) کو بھی حد سے زیادہ خرچ نہیں کریں گے اور انرجی کی صلاحیت کو بڑھا کر اور متبادل انرجی ذرائع سے استفادہ کرتے ہوئے، پائیدار ذخائر کو فروغ دیں گے۔

### 3) پائیدار استعمال

**کم ماحولیاتی اثرات کی حامل مصنوعات کی فراہمی**

سپلائرز پروڈکشن ڈیزائن کے مرحلے پر زہریلے اور مضر مواد کے اخراج جو ہوائی اور پانی کی آلودگی کا سبب بنتے ہیں ان میں تخفیف کرتے ہوئے پروڈکٹ کے ماحولیاتی اثرات کم کرنے پر توجہ دیں گے۔

## 5۔ انصاف پر مبنی کاروباری اقدامات

### 1) انسدادِ رشوت ستانی

**کرپشن اور غیر قانونی کاروبار کی ممانعت**

سپلائرز غیر قانونی یا غیر پیشہ ورانہ طرز عمل میں شامل نہیں ہوں گے جیسے کاروبار میں فائدہ اٹھانے کی امید پر، رقوم اور تحائف کی پیشکش اور خاطر و مدارت اور خدمات کی بہم رسانی قبول کرنا۔ اس قسم کے طرز عمل میں مسابقتی کی بولی میں موافق سلوک کی امید پر سرکاری افسروں کو رشوت کی پیشکش اور آرڈر کی قبولیت کے حصول کے لیے زیادہ خاطر مدارت شامل ہیں۔ علاوہ ازیں سپلائرز ان کے مفاد کے لیے اپنی مستحکم پوزیشن کا فائدہ نہیں اٹھائیں گے بشمول معاون ٹھیکیداروں کو یک طرفہ طور پر تجارت حوالے کرنے، تجارتی شراکت داروں کے خلاف فراڈ یا مفادات کے ٹکراؤ میں حصہ لینا۔

### 2) جائز مسابقت

**جائز مسابقت**

سپلائرز ناجائز مسابقت میں ملوث نہیں ہوں گے سپلائرز کو اس بات کی اجازت نہیں ہو گی کہ وہ اپنی برتر پوزیشن کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آزاد مارکیٹ میں مسابقتی مداخلت کریں جیسے اجارہ داری قیمتیں اور دوسری کمپنیوں کے ساتھ ملی بھگت کر کے اپنی مارکیٹ کی برتری کا حصول۔

### 3) جائیدادی حقوق کا احترام

**ادراکی ملکیتی حقوق کا احترام**

سپلائزرز کاپی رائٹس، پیٹنٹس اور دوسرے ادراکی ملکیتی حقوق کا احترام کریں گے۔ یہ وہ تمام حقوق ہیں اور مفادات ہیں جو کہ ادراکی تخلیقی سرگرمیوں کے ذریعے عطا ہوتے ہیں۔

## 6۔ کمیونٹی کے معاملات میں شمولیت اور اس کی پیش رفت

### 1) کمیونٹی میں شمولیت

**مقامی کمیونٹی کی پیشرفت کی سرگرمیاں میں شراکت**

سپلائرز ایسی سرگرمیوں میں شرکت کریں گے جو لوکل کمیونٹی کی حالت کو مستحکم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ سپلائرز ایسی سرگرمیاں بروئے کار لائیں گے جو مقامی کمیونٹی کی پیش رفت میں معاون ہوں گی جیسے مسائل ( انفراسٹرکچر کی پیشرفت، تعلیمی فروغ، صحت اور طبی خدمات کی بہتری اور مقامی معیشت کا فروغ) جن سے مقامی کمیونٹی دوچار ہے ان کا سدباب ہو۔

یہ کم از کم ضروریات Mizuno کارپوریشن اور اس کے ڈائریکٹ سپلائرز کے درمیان مرحلہ وار طور پر تمام نئے یا تجدید شدہ تجارتی معاہدوں کا حصہ ہوں گی۔ سپلائرز Mizuno کارپوریشن کی درخواست اور اس میں اطمینان کے مطابق ان ضروریات پر عمل درآمد کریں گے۔ Mizunoکارپوریشن یا اس کے مقررہ کردہ ایجنٹ (بشمول ثالث پارٹی) یہ حق رکھتا ہے کہ وہ Mizuno کارپوریشن کے لئے کام میں مصروف عمل کسی سائٹ کا آڈٹ کرے، اور کوئی بھی سپلائر جو عمل درآمد کے سلسلے میں Mizuno کارپوریشن کو مطمئن کرنے میں ناکام ہو جائے تو وہ Mizuno کارپوریشن کے ساتھ اس کے کسی معاہدے کی منسوخی کی زد میں آ سکتا ہے۔

ستمبر 2017، Mizuno کارپوریشن